# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ہر اک کی شان نرالی | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اردو جماعت دوم کی کتاب، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (22منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**گھر کا کام** (2 منٹ): جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: ہر اک کی شان نرالی | |

**مقاصد:** کہانی سن کر اس کے اہم نکات زبانی بتا سکیں۔
کہانی سن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، تصویری کہانی کے فلیش کارڈ، سادہ شیٹیں۔ پلاسٹک کی تھیلیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- تصویری کہانی کے فلیش کارڈ پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں کہانی سے متعلقہ تمام تصویریں ہوں۔
- دونوں گروہوں کو یہ تھیلی دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے تصویریں نکال کر انھیں درست ترتیب دیں۔ ان کی مدد سے کہانی بنائیں اور گروہ میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ کہانی کا اخلاقی سبق بھی ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ درست کہانی بنانے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھیں کہانیاں پڑھنا پسند ہے؟ ان سے پوچھیں کہ وہ کس طرح کی کہانیاں شوق سے پڑھتے ہیں؟ ان کے جوبات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کہانی کے تین بنیادی حصے ہوتے ہیں جیسے: ابتدا یعنی آغاز، درمیان اور اختتام۔ بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ کہانی کا ایک نام یا عنوان ہوتا ہے اور ہر کہانی کا ایک نتیجہ بھی ہوتا ہے جس سے ہم کوئی نہ کوئی سبق حاصل کرتے ہیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔ انھیں گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی کا نام دے دیں۔
- اب گروہ گلاب اور گروہ سورج مکھی سے کہیں کہ آپ انھیں کہانی سنائیں گے / گی۔ انھیں غور سے کہانی سننی ہے۔ اس کے بعد ان سے کہانی سے متعلق مختلف سرگرمیاں کروائی جائیں گی۔
- اب صفحہ نمبر 42 کا سوال نمبر 5 کے تحت دی ہوئی کہانی بچوں کو دل چسپ انداز میں کہانی سنائیں۔

| |
|---|
| • ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کوے کو کہیں سے پنیر کا ٹکڑا ملا۔ کوا بے حد خوش ہوا۔ وہ اس پنیر کے ٹکڑے کو کہیں بیٹھ کر مزے سے کھانا چاہتا تھا۔ اس نے ایک ایسا درخت تلاش کیا جہاں دوسرے جانوروں کا آنا جانا کم تھا۔ اس نے پنیر کا ٹکڑا کھانے کے لیے منہ کھولا ہی تھا کہ ایک لومڑی خوراک کی تلاش میں گھومتے گھومتے یہاں آ پہنچی۔ اس نے پنیر کا ٹکڑا کوے کے منہ میں دیکھا تو اسکا جی للچایا اور سوچا کہ کوے سے پنیر کیسے حاصل کیا جائے ؟ اسے ایک ترکیب سوجھی۔ اس نے کوے سے کہا: پیارے کوے! تمھاری آواز کتنی پیاری ہے، مجھے اپنی آواز میں کوئی گانا تو سناؤ۔ کوا اپنی تعریف سن کر بے حد خوش ہوا۔ جوں ہی اس نے گانا گانے کے لئے نہ کھولا، پنیر کا ٹکڑا گر گیا۔ پنیر کا ٹکڑا گرتے ہی لومڑی نے فوراً کھالیا اور چلتی بنی۔ کوا دیکھتا رہ گیا!<br>• کہانی سنانے کے بعد دونوں گروہوں سے کہیں کہ وہ کہانی سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور اس کے اہم نکات ایک دوسرے کو بتائیں ۔اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد پہلے گروہ گلاب سے کہیں کہ وہ کہانی کے اہم نکات سنائیں۔ درست نکات سنانے پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔<br>• اس طرح سے یہ سرگرمی پھر گروہ سورج مکھی کے ساتھ کریں۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) جماعت کے کچھ بچوں سے سنائی گئی کہانی کے اہم نکات سنیں۔ کچھ بچوں سے کہانی سے متعلق سوالات کے جوابات پوچھیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی گھر میں مشق کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔

عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو دوم"، گتے کا ڈبا، مختلف الفاظ کی چٹیں، بوتلوں کے ڈھکن، پاسا، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری پرچیاں کھولیں اور جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سوال نمبر 7 میں دی گئی عبارت کی پڑھائی کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ سازی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 6 کے تحت دیا گیا لفظ "جنت" لکھیں اور پڑھائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اس کی آخری آواز "ت" سے نیا لفظ بنائیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ بورڈ پر "ت" سے "تربوز" لکھیں۔
- اب بورڈ پر اس لفظ کے سامنے الفاظ "چاول، تعلیم، اسٹیشن، سورج" لکھیں اور پڑھائیں۔

| |
|---|
| • اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔ ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ الفاظ بولیں گے / گی۔ انھیں الفاظ کو غور سے سننا ہے اور ان کی آخری آوازوں سے نئے الفاظ بنانے ہیں۔<br>• اب سوال نمبر 6 کے تحت دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ بولیں۔<br>• جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔ درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں۔<br>• درست لفظ بتانے پر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں دو نمبر لکھ دیں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان کی آخری آوازوں سے نئے الفاظ بنوائیں اور لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (5 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: ہر اک کی شان نرالی | |

**مقاصد:** مؤنث واحد اسماء کی پہچان کر سکیں۔
عددی ترتیب لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو، دوم"، ا، اسٹکی نوٹ، واحد الفاظ کے کارڈ، پاسا

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ اب بورڈ پر واحد الفاظ "پودا، تارا، بیٹا، گھوڑا، پنکھا، انڈا" کے کارڈ چسپاں کردیں جن پر پر اسٹکی نوٹ لگے ہوں، اسٹکی نوٹ پر 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔ میز پر ایک پاسا رکھ دیں۔
- اب کسی گروہ کے دو بچوں کو بلائیں اور ان میں سے ایک سے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح پھینکے۔ جو نمبر آئے گا اس نمبر کا اسٹیکی نوٹ ہٹادیں۔ اب ایک بچے سے اس لفظ کی ادائی کروائیں اور دوسرے بچے سے اس واحد لفظ کی جمع پوچھیں۔ غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچوں کو موقع دیں۔ آخر میں جس گروہ نے زیادہ الفاظ درست طور پر بتائے ہوں گے، وہ فاتح قرار پائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم مؤنث واحد الفاظ کی جمع بنائیں گے۔
- بچوں سے پوچھیں کہ واحد اور جمع سے کیا مراد ہے؟ بچوں کے جوابات لیں۔ نہ آنے کی صورت میں نرمی سے دہرادیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایک چیز کو واحد کہتے ہیں۔ دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔
- اب بورڈ پر الفاظ "بچی، بستی، آندھی" لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔ انھیں بتائیں کہ واحد مؤنث الفاظ کے آخر میں "ی" ہوتی ہے۔ اس کی جمع بنانے کے لیے آخر میں "اں" بڑھادیا جائے تو اس کی جمع بن جاتی ہے۔ مثلاً لڑکی۔ لڑکیاں، وغیرہ۔
- بورڈ پر مزید مثالیں لکھ کر ان کی مدد سے اس کی وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں مؤنث واحد اسماء اور دوسرے میں جمع کی سرخی لکھیں۔ واحد والے کالم میں لفظ "چھڑی" لکھیں اور کسی بچے کو بلا کر اس سے اس لفظ کی جمع "چھڑیاں" بورڈ پر لکھوائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی

| |
|---|
| الفاظ مرغی، کرسی، بکری، تتلی، بیوی" پر مختلف بچوں سے کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں، جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔<br>اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کھولیں اور اس پر دیا ہوا سوال نمبر 8 حل کریں۔ اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔<br>• سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو عددی گنتی کا تصور واضح کریں۔ کتاب میں دیئے گئے جملے پڑھائیں اور بورڈ پر عددی ترتیب گیارہ سے بیس تک لکھیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر گیارہ تا بیس اعداد لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی عددی ترتیب لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم:     یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: ہر اک کی شان نرالی | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق پانچ جملے لکھ سکیں۔

دیئے گئے موضوع پر تقریر تیار کر سکیں۔

لائبریری سے اپنی پسندیدہ کتاب منتخب کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، سادہ شیٹیں، بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سوال نمبر 12 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع "وقت کے پابند موسم" لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں کی تقاریر تیار کروائیں۔
- تیاری کے دوران اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ بچے اپنے لب و لہجے اور آواز کے اتار چڑھاؤ کا خیال رکھیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کو لائبریری لے کر جائیں اور انہیں اپنی پسندیدہ کتابیں منتخب کرنے کے لیے کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب بچوں سے موسم سے متعلق مختلف سوالات کریں۔ جیسے:
- موسم کیوں ضروری ہیں؟
- آپ کا پسندیدہ موسم کون سا ہے؟ وغیرہ
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر لکھیں:

پھول کس موسم میں کھلتے ہیں؟

- بچوں کے جوابات لیں۔

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- ہر گروہ کو سادہ شیٹیں دیں اور انھیں موضوع سے متعلق آپس میں بات چیت کرنے اور باہمی مشاورت سے اس کا جواب شیٹوں پر لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی عنوان پر لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جانتے ہوں۔ الفاظ کا بہترین چُناؤ کریں اور مختصر پیرائے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس طرح کہ تمام اہم معلومات کا احاطہ بھی ہو جائے اور تحریر بھی بوجھل نہ ہو۔
- اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری کا لکھا ہوا جواب سنیں۔ درست جوابات لکھنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بورڈ پر خاکہ بنا کر اس کی مدد سے بچوں کو علم حاصل کرنے کے فائدے بتائیں۔ بورڈ پر علم حاصل کرنے کے پانچ فائدے لکھیں۔ بچوں سے جملوں کی دو سے تین بار بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 6 بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں پر حل کریں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے بورڈ پر پھول کس موسم میں کھلتے ہیں؟ لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق "ہر اک کی ہے شان نرالی" پر انٹرنیٹ کی مدد سے کوئی ٹیبلو دیکھ کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: ہر اک کی شان نرالی | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی:

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 45 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق طلبہ سے دیئے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنوائیں اور سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان کو اپنی ذات، گھر، علاقے کے بارے میں پانچ جملے بتانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے سبق "امّی، ابّو کو بتانا ہے" کا پہلا پیراگرف درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے جمع الفاظ بورڈ پر لکھیں متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر ان کے واحد لکھوائیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیے گئے جملوں میں درست حروفِ جار لگا کر کاپیوں میں لکھوائیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیے گئے موضوع پر پانچ جملے لکھوائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔